103

(I)

Total No. of Questions– **16**

Total No. of Printed Pages– **6** **Regd. No.** | | | | | | | | | | |

Part II

URDU

Paper I

(Second Language)

Time : 3 Hours ***Max. Marks : 100***

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دیے جائیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

1. مندرجہ ذیل اشعار میں سے کوئی دو کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے : 2×3=6

(1) سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

(2) رواں ہے عمر اور انسان غافل

مسافر ہے کہ سوتا جا رہا ہے

(3) آدمی آدمی سے ملتا ہے

دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(4) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں

حالت اب اضطراب کی سی ہے

2. متن کے حوالے سے کوئی دو کی تشریح کیجیے : 2×5=10

(1) گوشت پکانے بیٹھی مگر ہانڈی میں دیکھا تو گھی پاؤ بھر سے زیادہ نہ تھا۔

(2) اب بتاؤ عشق اچھا یا معشوق ! عشق نہ ہوتا نہ عاشق کو کوئی پوچھتا نہ معشوق کی کچھ وقعت رہتی۔ یہ عشق ہی کی بدولت سب بستیاں آباد ہیں۔

(3) یہاں یہ بات دلچسپی کا باعث ہوگی کہ غذا ہضم ہونا بھی احتراقی عمل ہے۔

(4) اُن کے قلم اور آواز میں بڑا زور تھا۔ ان کے چہرے سے ان کی طباعی اور ذہانت معلوم ہوتی تھی۔

3. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : 1×8=8

(1) اہلِ وطن سے خطاب

(2) ہم دیکھیں گے۔

4. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے : 1×8=8

(1) افسانہ بڑے گھر کی بیٹی کا خلاصہ لکھئے۔

(2) پروفیسر کی حیثیت سے وحیدالدین سلیم کی خدمات کا احاطہ کیجئے۔

5. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے : 1×8=8

(1) آپ بیتی جمالِ امجد سے کسی ایک واقعہ کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(2) ''پرواز'' میں مولانا عبدالکلام کی حالاتِ زندگی کے متعلق لکھئے۔

6. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات لکھئے : 2×5=10

(1) میکشؔ حیدرآبادی کے مختصر حالاتِ زندگی بیان کیجئے۔

(2) حالؔی کی سوانح پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(3) منشی پریم چند پر ایک نوٹ لکھئے۔

(4) علامہ اقبالؔ پر ایک نوٹ لکھئے۔

7. مندرجہ ذیل کے صحیح جواب لکھئے : 5×1=5

(1) نظم ''ہم دیکھیں گے'' کس شاعر نے لکھا؟

(2) خدائے سخن کے شاعر کون تھے؟

(3) فیض احمد فیض کے شعری مجموعوں کے نام بتائیے۔

(4) بانگِ درا کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(5) مرزا غالبؔ کے خطابات کون سے تھے؟

8. خالی جگہوں کو صحیح جواب سے پُر کیجئے : 5×1=5

(1) بابائے اردو ــــــــــــــ تھے۔

(2) افسانہ بڑے گھر کی بیٹی کا مرکزی کردار ــــــــــــــ ہے۔

(3) ڈاکٹر وہاب قیصر کے سائنسی مضمون کا نام ــــــــــــــ ہے۔

(4) خواجہ حسن نظامی کے انشائیہ کا نام ــــــــــــــ ہے۔

(5) مولوی عبدالحق کے لکھے ہوئے خاکہ کا نام ــــــــــــــ ہے۔

9. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 5×1=5

میر صاحب اپنے احباب میں بیٹھے ہوئے سفر کے متعلق تبادلۂ خیال کر رہے ہیں۔ میر صاحب : اماں تم ہی بتاؤ مرزا صاحب کہ اس ریل کے سفر میں، نصیبِ دشمناں، جان کا جوکھم تو نہیں ہے؟

میر صاحب : خدا بخشے دادا جان مرحوم کے متعلق مشہور ہے کہ وہ کبھی اپنے گھر سے باہر نہ نکلے اور ایک میں ہوں کہ دیس چھوڑ پردیس کی ٹھانی ہے۔ میر صاحب : لو اور سنو! کیا کروں مجبور ہوں، جائیداد کا مقدمہ ہے، نہیں جاتا ہوں تو خاندانی جائیداد جاتی ہے۔

سوالات :

(1) میر صاحب کس کے متعلق تبادلۂ خیال کر رہے ہیں؟

(2) کس کے لئے ریل کا سفر جان جوکھم ہے؟

(3) کس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ کبھی اپنے گھر سے باہر نہ نکلے ؟

(4) کس نے دیس چھوڑ پردیس کی ٹھانی ہے؟

(5) اگر میر صاحب نہیں جاتے تو کیا چلی جاتی ؟

10. ذیل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی درج کیجئے : 5×1=5

(1) اسمِ خاص

(2) اسمِ جمع

(3) صفت

(4) ضمیر

(5) اسمِ عام

11. ضمیر کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اقسام کو مثالوں کے ساتھ لکھئے۔ 1×5=5

12. ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کیجئے : 5×1=5

(1) احمد بہادر لڑکا ہے۔

(2) دنیا میں قابل انسان کی قدر ہوتی ہے۔

(3) آم میٹھا پھل ہوتا ہے۔

(4) حمیدہ ذہین لڑکی ہے۔

(5) موسم آج بہت گرم ہے۔

13. ذیل کے کوئی پانچ الفاظ کی ضد لکھئے : 5×1=5

(1) شام

(2) رات

(3) گورا

(4) ادنیٰ

(5) زمین

(6) طاقتور

(7) دلیر

(8) عروج

(9) شمس

(10) بد

14. ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کی واحد یا جمع لکھئے : 5×1=5

(1) ترکیب

(2) اوراق

(3) وقت

(4) اجسام

(5) سانحہ

(6) شعراء

(7) تدبیر

(8) رکن

(9) جرائم

(10) ملک

15. مندرجہ ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھئے : 5×1=5

(1) ناگ

(2) مالن

(3) شیشہ

(4) بندر

(5) چمار

(6) شاعرہ

(7) ٹوکرا

(8) مورنی

(9) ٹھاکر

(10) دھوبی

16. مندرجہ ذیل انگریزی عبارت کا اُردو میں ترجمہ کیجئے : 1×5=5

One day a pandit visited the court of Akbar. His name was Sarveswara Bhatt. He came from Kasi. He passed the test conducted by Akbar.